**04.02.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .......................ضمیر رضوی

**Music**

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

☆ مرکزی وزیر پیوش گوئل نے راجیہ سبھا میں کہا کہ بھارت- امریکہ معاہدے سے **MSMEs**، کاروباری افراد، ہنرمند ورکروں اور صنعت کیلئے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔

☆ صدرِ جمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک پر پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں بحث ہوئی۔ لوک سبھا کی کارروائی مختلف معاملات پر شور وغل کے درمیان کئی بار ملتوی کی گئی۔

☆ **Yumnam** کھیم چند سنگھ نے منی پور کے وزیرِ اعلیٰ کی حیثیت سے حلف لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست 'وکست بھارت **2047** ' کے سلسلے میں اہم رول ادا کرے گی۔

☆ جموں وکشمیر کے اودھم پور میں ایک تصادم میں دو دہشت گرد ہلاک ہوگئے ہیں۔

☆ یوکرین اور روس کے درمیان ابوظہبی میں امریکہ کی ثالثی کے تحت بات چیت کا دوسرا دور ہوا ہے۔

☆ دلّی میں، ایشیائی رائفل اور پسٹل چمپئن شپ میں، ایشا سنگھ اور بھارتی خواتین نے **10** میٹر ایئرپسٹل انفرادی اور ٹیم مقابلوں میں سونے کے تمغے جیتے ہیں۔

☆ اور زمبابوے میں اَنڈر **19** کرکٹ عالمی کپ کے سیمی فائنل میں بھارت، افغانستان کو **7** وکٹ سے ہراکر فائنل میں پہنچ گیا ہے۔

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**RS - Piyush Goyal**

کامرس اور صنعتوں کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے آج واضح کیا کہ بھارت سرکار نے بھارت–امریکہ تجارتی سمجھوتے

میں کھاد اور زراعت جیسے حساس شعبوں کا پورا خیال رکھا ہے۔ پیوش گوئل نے راجیہ سبھا میں بتایا کہ یہ معاہدہ، چھوٹے اور درمیانی درجے کے کاروباریوں، MSMEs، صنعت کاروں، ہنرمند کاریگروں اور صنعتوں کو نئے مواقع فراہم کرے گا۔

**SB - Piyush Goyal**

جناب گوئل نے یہ بھی واضح کیا کہ حکومت، کئی مرتبہ اِس بات کی وضاحت کرچکی ہے کہ 140 کروڑ بھارتیوں کی توانائی کی ضرورتوں کو پورا کرنا، مودی حکومت کی سب سے بڑی ترجیح ہے۔

انہوں نے کہا کہ صدر ٹرمپ نے امریکہ میں بھارتی برآمدات پر ٹیرف کو کم کرتے ہوئے 18 فیصد کرنے کا اعلان کیا ہے، جو کئی حریف ممالک پر امریکہ کی جانب سے عائد کردہ محصول سے کم ہے۔ جناب گوئل نے مزید کہا کہ یہ قدم، امریکی بازار میں بھارت کی برآمداتی صلاحیت میں اضافہ کرے گا۔x

**LS Motion of Thanks**

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں اپوزیشن کی جانب سے شور وغل کے درمیان آج صدرِ جمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک پر بحث پھر شروع ہوئی۔ لوک سبھا کی کارروائی میں تیسرے دن بھی رخنہ اندازی ہوئی۔ کانگریس، DMK، TMC اور دیگر اپوزیشن پارٹیوں نے بھارت- امریکہ تجارتی معاہدے اور چین کے ساتھ سرحدی معاملات پر حکومت کے خلاف نعرے بازی کی۔ آخرِکار دن بھر کیلئے ملتوی کئے جانے سے پہلے لوک سبھا کی کارروائی تین مرتبہ ملتوی کی گئی۔

راجیہ سبھا میں بحث میں حصہ لیتے ہوئے، مرکزی وزیر اور ایوان کے رہنما جے پی نڈا نے کہا کہ صدرِ جمہوریہ کی تقریر میں بھارت کی ترقی کی داستان شامل تھی اور وہ بہت زیادہ باعث تحریک تھی۔

انہوں نے کہا کہ اُن کی تقریر امرت کال کے جذبے پر مبنی تھی اور اس میں نریندر مودی حکومت کی حصولیابیوں کو بھی اجاگر کیا گیا تھا۔ وزیرِ موصوف نے کہا کہ صدرِ جمہوریہ نے صدیوں پرانی ثقافت و روایت کے بارے میں بھی بات کی۔

**SB - 2100 - JP Nadda**

بحث میں شامل ہوتے ہوئے، راجیہ سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر ملکارجن کھڑگے نے الزام لگایا کہ مودی حکومت کے تحت سماجی انصاف اور ہم آہنگی کی صورتحال خراب ہوئی ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ خواتین BJP کیلئے محض ایک ووٹ بینک بن گئی ہیں۔

**SB - Kharge**

بعد میں ایوانِ بالا کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔x

**Rijiju Rahul**

پارلیمانی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے لوک سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی پر پارلیمانی ضابطوں کی پابندی نہ کرتے ہوئے، ایوان کی کارروائی میں رخنہ اندازی پر، اُن کی نکتہ چینی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جناب گاندھی، صدرِ جمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک پر ضابطوں سے الگ بولنا چاہتے ہیں۔

**SB - Kiren Rijiju - 19 Sec**

## Manipur CM Sworn In

منی پور میں صدر راج منسوخ کردیا گیا ہے اور BJP کے ایم ایل اے Yumnam کھیم چند سنگھ کو آج منی پور کے وزیرِ اعلیٰ کی حیثیت سے حلف دلایا گیا۔ وزارتِ داخلہ نے آج ایک نوٹفکیشن میں اِس بات کا اعلان کیا کہ منی پور میں فوری طور پر صدر راج ختم ہوتا ہے۔ 13 فروری 2025 کو، اُس وقت کے وزیرِ اعلیٰ این برین سنگھ کے استعفے کے پیشِ نظر ریاست میں صدر راج نافذ کیا گیا تھا اور منی پور قانون ساز اسمبلی کو معطل صورتحال کے تحت رکھا گیا تھا، جس کی مدتِ کار مارچ 2027 تک ہے۔ امپھال کے لوک بھون میں حلف برداری کی تقریب ہوئی اور منی پور کے گورنر اجے کمار بھلاّ نے جناب کھیم چند کو حلف دلایا۔

آج حلف برداری کی تقریب کے دوران دو دیگر ایم ایل اے، BJP کے Nemcha Kipgen اور این پی ایف کے Losii Dikho نے نائب وزرائے اعلیٰ اور BJP کے ایم ایل اے گووند داس Konthoujam اور این پی پی کے ایم ایل اے Khuraijam Loken نے بطور وزراء حلف لیا۔ اِس دوران منی پور قانون ساز اسمبلی سے سکریٹیریٹ نے مطلع کیا ہے کہ جاری بارہویں منی پور قانون ساز اسمبلی کا ساتواں اجلاس جمعہ کے روز ہوگا۔

حلف لینے کے بعد وزیرِ اعلیٰ نے نامہ نگاروں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ منی پور، وکست بھارت 2047 کے سلسلے میں ایک اہم رول ادا کرے گا۔

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے آج Yumnam کھیم چند سنگھ کو منی پور کے وزیرِ اعلیٰ کی حیثیت سے حلف لینے پر مبارکباد دی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر وزیرِ اعظم نے Nemcha Kipgen اور Losii Dikho کو بھی ریاست کے نائب وزرائے اعلیٰ کی حیثیت سے حلف لینے پر مبارکباد پیش کی ہے۔ وزیرِ اعظم نے اعتماد کا اظہار کیا کہ وہ منی پور کی مزید ترقی اور باشندوں کی خوشحالی کیلئے ذمہ داری سے کام کریں گے۔x

## PM Malaysia Visit

وزیرِ اعظم نریندر مودی، ملیشیا کے وزیرِ اعظم انور ابراہیم کی دعوت پر 7 اور 8 فروری کو ملیشیا کا دورہ کریں گے۔ وزیرِ اعظم مودی کا ملیشیا کا یہ تیسرا اور اگست 2024 میں بھارت-ملیشیا دو طرفہ تعلقات کو جامع کلیدی شراکت داری تک بلندی عطا کرنے کے بعد یہ پہلا دورہ ہے۔ وزارتِ خارجہ نے کہا ہے کہ اپنے دورے کے دوران وزیرِ اعظم، ملیشیا کے اپنے ہم منصب کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کریں گے۔ وزیرِ اعظم مودی بھارتی برادری کے ساتھ بات چیت بھی کریں گے اور صنعت و کاروباری نمائندوں سے تبادلۂ خیال کریں گے۔ دسواں بھارت-ملیشیا CEO فورم بھی، وزیرِ اعظم کے دورے کے موقع پر ہوگا۔

وزیرِ اعظم کا آئندہ دورہ دونوں رہنماؤں کو باہمی اشتراک کے وسیع تر پہلوؤں کا جائزہ لینے کا موقع فراہم کرے گا۔ اِن میں تجارت و سرمایہ کاری، دفاع، سکیورٹی، بحری اشتراک، ڈیجیٹل اور اقتصادی ٹیکنالوجی، توانائی، صحت کی دیکھ بھال، تعلیم اور ثقافت شامل ہیں۔ x

## J&K Terrorists

جموں و کشمیر کے اودھم پور ضلعے میں آج ایک تصادم میں دو پاکستانی دہشت گرد ہلاک ہوگئے، جن میں جیشِ محمد تنظیم کا ایک اعلیٰ کمانڈر شامل ہے۔ یہ دہشت گرد ایک قدرتی گپھا کے اندر پھنس گئے تھے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ تقریباً دوپہر کے آس پاس جب سکیورٹی دستے، اِس گپھا میں داخل ہوئے تو کئی دھماکے سنے گئے۔ ہلاک ہوئے دہشت گردوں میں سے ایک جیشِ محمد تنظیم کا اعلیٰ کمانڈر Rubani عرف Abu Mavia تھا، جو گذشتہ کچھ برسوں سے علاقے میں سرگرم تھا۔ کَل سہ پہر چار بجے رام نگر - بسنت گڑھ علاقے کے بالائی علاقوں میں تلاشی کی کارروائی کے دوران فوج، پولیس اور CRPF کے مشترکہ اہلکاروں نے اِن دہشت گردوں کا پتہ لگایا تھا، جس کے بعد شدید گولی باری شروع ہوگئی تھی۔

فوج نے 20 گھنٹے طویل اِس کارروائی کو ''Kiya'' نام دیا تھا اور اُس نے کہا ہے کہ حالانکہ کارروائی مکمل ہوگئی ہے لیکن علاقے میں سخت چوکسی برتی جارہی ہے۔ x

## Russia Ukraine Talks

یوکرینی اور روسی مذاکرات کاروں نے آج ابوظہبی میں امریکہ کی ثالثی والے مذاکرات کا دوسرا دور شروع کیا، جس کا مقصد 4 سالہ لڑائی کے ممکنہ خاتمے کے امکانات تلاش کرنا ہے۔ اِس دو روزہ سہ رخی میٹنگ میں یوکرینی، روسی اور امریکی حکام شریک ہیں، جو دوسری عالمی جنگ کے بعد سے یوروپ کے سب سے بڑے تنازعے کو روکنے کی تازہ کوشش کا حصہ ہے۔ اِس لڑائی میں اب تک لاکھوں میں مارے جاچکے ہیں، لاکھوں لوگ نقلِ مکانی پر مجبور ہوئے ہیں اور مشرقی اور جنوبی یوکرین میں زبردست تباہی ہوئی ہے۔ یوکرینی فریق کی قیادت، قومی سلامتی اور دفاعی کونسل کے سکریٹری رُستم عمیروف نے کی، جبکہ روسی وفد کی قیادت، ملٹری انٹیلی جنس کے چیف Igor Kostyukov نے کی۔ امریکہ نے مذاکرات کو ممکن بنانے کیلئے Steve Witkoff اور Jared Kushner سمیت اپنے سفیروں کو بھیجا ہے۔ حالی ہی میں یوکرینی شہروں پر روسی ڈرون اور میزائلوں کی تازہ بوچھار کے بعد یہ سہ رخی میٹنگ ہورہی ہے۔ اِن حملوں میں توانائی کے بنیادی ڈھانچوں کو نشانہ بنایا گیا، جس سے موسم سرما کی سخت سردی میں لاکھوں لوگوں کو حرارت اور بجلی کے بغیر رہنے پر مجبور ہونا پڑا۔ مذاکرات کے دوران، مشرقی یوکرین کا خطہ مرکزی اہمیت کا حامل رہا۔ ماسکو کا مطالبہ ہے کہ کیف، سخت حفاظتی گھیرے والے اور وسائل سے مالامال علاقوں سمیت ڈونباس سے فوجیں واپس بلالیں اور حملے کے دوران، قبضہ کی گئی زمینوں کو روسی زمین کے طور پر تسلیم کرلیں۔ دوسری جانب، کیف نے یکطرفہ طور پر کسی بھی طرح کا فوجی قدم اُٹھانے سے انکار کردیا ہے۔x

## RBI Monetary Policy

گورنر سنجے ملہوترا کی قیادت میں بھارتی ریزرو بینک RBI کی چھ ممبران پر مشتمل مالیاتی پالیسی کمیٹی کی سود کی شرحوں پر تبادلۂ خیال کیلئے آج دو ماہ میں ہونے والی میٹنگ کا آغاز ہوا۔ شرحوں پر فیصلے کا جمعہ کی صبح اعلان کیا جائے گا۔ زیادہ تر ماہرِ اقتصادیات کا خیال ہے کہ RBI صورتحال کو جوں کو توں برقرار رکھے گا۔ اُن کا کہنا ہے کہ مرکزی بینک نے 2025 کی شروعات میں ریپو ریٹ میں پہلے ہی 125 بنیادی پوائنٹس کی کمی کی تھی اور افراطِ زر چار فیصد کے ہدف سے کافی کم رہا ہے۔x

## IMD WEATHER

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے، دہلی، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، اتراکھنڈ اور بہار میں کُل گہرا کہرا چھائے رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔

محکمۂ موسمیات نے، ہماچل پردیش، مدھیہ پردیش، مشرقی اتر پردیش، مغربی اترپردیش، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکّم میں آج اِسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔

اِس کے علاوہ جموں و کشمیر، لداخ، گلگت بلتستان، مظفرآباد، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں اگلے دوروز کے دوران گرج چمک کے ساتھ برفباری کی بھی پیش گوئی ہے۔×

## Shooting

اولمپک کھلاڑی ایشا سنگھ نے ایشین رائفل اینڈ پسٹل چیمپئن شپ کے پہلے دن آج خواتین کے انفرادی 10 میٹر ایئر پسٹل مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ ایشا سنگھ نے نئی دلّی کے ڈاکٹر کرنی سنگھ شوٹنگ رینج میں اِس شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ 21 سالہ ایشا نے دوسروں کو پیچھے چھوڑتے ہوئے فائنل میں 239 اعشاریہ آٹھ کے اسکور کے ساتھ سینئر ایشین چیمپئن شپ میں اپنا دوسرا انفرادی سونے کا تمغہ جیتا۔ ایشا نے دو چینی تائی پے نشانے بازوں، Cheng Yen-Ching اور Yu Ai-Wen کو پیچھے چھوڑا۔ Cheng Yen-Ching نے 235 اعشاریہ چار کے اسکور کے ساتھ چاندی کا، جبکہ Yu Ai-Wen نے 217 اعشاریہ سات کے اسکور کے ساتھ کانسے کا تمغہ جیتا۔

ایشا، اولمپک میڈل یافتہ منوبھاکر اور سُروچی سنگھ نے خواتین کے 10 میٹر ایئر پسٹل ٹیم مقابلے میں ایک ہزار 726 کے مجموعی اسکور کے ساتھ سونے کا تمغہ جیتا۔ اِس زمرے میں ویتنام نے چاندی کا اور چینی تائی پے نے کانسے کا تمغہ جیتا۔ دوسری جانب، مردوں کے 10 میٹر ایئر پسٹل انفرادی زمرے کے فائنل میں عالمی چیمپئن سمراٹ رانا کو کانسے کے تمغے پر اکتفا کرنا پڑا۔×

## U19 CRICKET

19 سال سے کم عمر کے ایک روزہ کرکٹ عالمی کپ میں زمبابوے کے ہرارے میں بھارت نے افغانستان کو دوسرے سیمی فائنل میں سات وکٹ سے ہرا دیا ہے۔ اس سے پہلے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے افغانستان نے 50 اوورس میں چار وکٹ پر 310 رَن بنائے تھے۔ جواب میں بھارت نے جیت کا نشانہ 41 اعشاریہ ایک اوورس میں حاصل کر لیا۔ جمعہ کے روز فائنل میں بھارت کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔ انگلینڈ نے پہلے سیمی فائنل میں سابق چیمپئن آسٹریلیا کو 27 رن سے ہرایا تھا۔ بھارت کی ٹیم ٹورنامنٹ میں اب تک کوئی میچ نہیں ہاری ہے۔ ٹورنامنٹ کی تاریخ میں بھارت سب سے کامیاب ٹیم ہے، جس نے پانچ مرتبہ یہ خطاب جیتا ہے۔ اس کے بعد آسٹریلیا کا نمبر ہے، جس نے چار بار یہ خطاب حاصل کیا ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆